روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 5 راگست 2009ء 13 شعبان 1430 ہجری 5 ظہور 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 176

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

غور کا مقام ہے کہ اگر خدا کے رسول پر ایمان لانا غیر ضروری ہے تو ایمان نہ لانے پر عذاب کا کیوں وعدہ دیا گیا۔ ظاہر ہے کہ جبر سے اپنا دین منوانا اور تلوار سے مسلمان کرنا یہ اور امر ہے مگر اُس شخص کو سزا دینا جو سچے رسول کی نافرمانی کرتا ہے اور مقابلہ سے پیش آتا ہے اور اُس کو دُکھ دیتا ہے یہ اور بات ہے۔ سزا دینے کے لئے یہ امر شرط نہیں ہے کہ کوئی شخص مسلمان ہو جائے بلکہ انکار کے ساتھ مقابلہ کرنے والے واجب القتل ہو چکے تھے اور پھر خدا تعالیٰ کی طرف سے اُن کو یہ رعایت دی گئی تھی کہ اگر مشرف باسلام ہو جائیں تو وہ سزا معاف ہو جائے گی اور پھر ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے...... الجزو نمبر 3 سورۃ اٰل عمران۔ یعنے جو لوگ خدا تعالیٰ کی آیتوں سے منکر ہو گئے اُن کے لئے سخت عذاب ہے اور خدا غالب بدلہ لینے والا ہے۔ اب صاف ظاہر ہے کہ اِس آیت میں بھی منکروں کے لئے عذاب کا وعدہ ہے۔ لہٰذا ضرور تھا کہ اُن پر عذاب نازل ہوتا۔ پس خدا تعالیٰ نے تلوار کا عذاب اُن پر وارد کیا اور پھر ایک جگہ قرآن شریف میں فرماتا ہے...... الجزو نمبر 6 سورۃ المائدۃ یعنی سوا اس کے نہیں کہ بدلہ ان لوگوں کا کہ جو خدا اور رسول سے لڑتے اور زمین پر فساد کے لئے دوڑتے ہیں یہ ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا سولی دئے جائیں یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف طرف سے کاٹے جائیں یا جلاوطن کر کے قید رکھے جائیں یہ رُسوائی اُن کی دُنیا میں ہے اور آخرت میں بہت بڑا عذاب ہے پس اگر خدا تعالیٰ کے نزدیک ہمارے رسول کریم کی عدول حکمی اور اس کا مقابلہ کچھ چیز نہیں تھا تو ایسے منکروں کو جو موحد تھے (جیسا کہ یہودی) انکار اور مقابلہ کی وجہ سے اس قدر سخت سزا یعنی طرح طرح کے عذابوں سے موت کی سزا دینے کے لئے خدا تعالیٰ کی کتاب میں کیوں حکم لکھا گیا اور کیوں ایسی سخت سزائیں دی گئیں کیونکہ دونوں طرف موحد تھے اس طرف بھی اور اس طرف بھی اور کسی گروہ میں کوئی مُشرک نہ تھا اور باوجود اس کے یہودیوں پر کچھ بھی رحم نہ آیا اور اُن موحد لوگوں کو محض انکار اور مقابلہ رسول کی وجہ سے بُری طرح قتل کیا گیا............ حالانکہ اُنہوں نے صرف اپنے دین کی حفاظت کے لئے انکار اور مقابلہ کیا تھا اور اپنے خیال میں پکے موحد تھے اور خدا کو ایک جانتے تھے۔

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد22ص 160)

اللہ نے لعنت کی

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

یہود میں سے ایسے بھی ہیں جو کلمات کو ان کی اصل جگہوں سے بدل دیتے ہیں اور وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے نافرمانی کی اور بات سن اس حال میں کہ تجھے کچھ بھی نہ سنائی دے اور وہ اپنی زبانوں کو بل دیتے ہوئے اور دین میں طعن کرتے ہوئے راعنا کہتے ہیں۔ اور اگر ایسا ہوتا کہ وہ کہتے کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور سن اور ہم پر نظر کر، تو یہ ان کے لئے بہتر اور سب سے زیادہ مضبوط (قول) ہوتا۔ لیکن اللہ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان پر لعنت کر دی ہے۔ پس وہ ایمان نہیں لاتے مگر تھوڑا۔

(النساء: 37)

جلسہ سالانہ جرمنی 2009ء میں حضور انور کے خطابات

۞ خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعتہائے احمدیہ جرمنی کا جلسہ سالانہ مورخہ 14 تا 16 راگست 2009ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس اس جلسہ میں رونق افروز ہوں گے اس موقع پر حضور انور کے خطبہ جمعہ و دیگر خطابات کی تفصیل پاکستانی وقت کے مطابق حسب ذیل ہے۔

14 راگست پرچم کشائی 5:50 بجے سہ پہر
14 راگست خطبہ جمعہ حضور انور 6:00 بجے سہ پہر
15 راگست حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خواتین سے خطاب 4:00 بجے سہ پہر
16 راگست اختتامی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 9:15 بجے رات

حسب پروگرام احباب استفادہ فرمائیں۔

بدعت اور بدرسوم سے اجتناب

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث خطبہ جمعہ 23 جون 1967ء میں فرماتے ہیں:۔

"توحید کے قیام میں ایک بڑی روک بدعت اور رسم ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہر بدعت اور ہر بدرسم شرک کی ایک راہ ہے اور کوئی شخص جو توحید خالص پر قائم ہونا چاہے وہ توحید خالص پر قائم نہیں ہو سکتا جب تک وہ تمام بدعتوں اور تمام بدرسوم کو مٹا نہ دے۔"

(خطبات ناصر جلد 1 صفحہ 758)

(مرسلہ ناظر صاحب اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

احمدی شعراء متوجہ ہوں۔شادی کے گیت لکھیں

مجلس شوریٰ 2009ء کی ایک تجویز مندرجہ ذیل تھی:۔

احمدی شعراء شادی کے گیت لکھیں جو ہلکے پھلکے مزاح پر مشتمل ہوں نیز ایسے گیت بھی لکھیں جو لڑکی کے لئے نصائح پر مشتمل ہوں۔ بزرگان کی شادی کے موقع پر نصائح کو منظوم کیا جاسکتا ہے۔ دعائیہ کلام بھی ہوسکتا ہے۔ اسی طرح لڑکے والوں کے لئے ڈھولکی پر گائے جانے والے گیت بھی لکھے جائیں۔ (جو موجودہ لوک گیت اور فلمی گیتوں کا متبادل ہوں)

ایسے احباب وخواتین جن کو اللہ تعالیٰ نے شعر گوئی کا ملکہ عطا کیا ہے۔ ان سے التماس ہے کہ مجلس شوریٰ کی تجویز کے مطابق شعر کی کسی بھی صنف میں مذکورہ طرز کا کلام عنایت فرمائیں۔ ممنونیت کے جذبات سے سرشار نظارت اصلاح وارشاد آپ کے کلام کی منتظر ہے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

بطور نمونہ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا تقریب رخصتانہ پر دعائیہ کلام شامل اشاعت ہے۔

خاکسار
سید محمود احمد
ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

فی امان اللہ

یہ نظم صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ کی تقریب رخصتانہ پر کہی گئی تھی

لو جاؤ تم کو سایۂ رحمت نصیب ہو — اقبال "تاج سر" ہو ترے "سر کے تاج" کا
بڑھتی ہوئی خدا کی عنایت نصیب ہو — اس کو خدا و خلق کی خدمت نصیب ہو
ہر ایک زندگی کی حلاوت نصیب ہو — نکلیں تمہاری گود سے پل کر وہ حق پرست
ہر ایک دو جہان کی نعمت نصیب ہو — ہاتھوں سے جن کے دین کو نصرت نصیب ہو
علم و عمل نصیب ہو، عرفان ہو نصیب — ایسی تمہاری گھر کے چراغوں کی ہو ضیاء
ذوقِ دعا و حسنِ عبادت نصیب ہو — عالم کو جن سے نور ہدایت نصیب ہو
محمود عاقبت ہو ، رہے زیست بامراد — راضی ہوں تم سے میں۔مرا اللہ بھی رہے
خوشیاں نصیب، عزت و دولت نصیب ہو — اس کی رضا کی تم کو مسرت نصیب ہو
ہو رشکِ آفتاب، ستارہ نصیب کا — افضل ہمارے حکم کو تم جانتی رہیں
آپ اپنی ہو مثال، وہ قسمتِ نصیب ہو — دنیا و دیں میں تم کو فضیلت نصیب ہو
نور و جمیل! "نور" دل و جاں میں بخش دے — راحت ہی میں نے تم سے بہر طور پائی ہے
اس کے کرم سے چاند سی طلعت نصیب ہو — تم کو بھی دو جہان میں راحت نصیب ہو
ہر ایک دکھ سے تم کو بچائے مرا خدا — گھر تھا صدف تو تم دُرِ خوش آب و بے بہا
ہر ہر قدم پہ اس کی اعانت نصیب ہو — اس سے بھی بڑھ کے دولتِ عصمت نصیب ہو
بس ایک درد ہو کہ رہو جس سے آشنا — کھٹکا نہ کوئی فعل تمہارا مجھے ، تمہیں
محبوب جاوداں کی محبت نصیب ہو — آرامِ قلب و جان و سکینت نصیب ہو
ہر وقت دل میں پیار سے یادِ خدا رہے — حافظ خدا رہا میں رہی آج تک "امیں"
یہ لذّت و سرور یہ جنّت نصیب ہو — جس کی تھی اب اسے "یہ امانت" نصیب ہو
تسخیرِ خَلق خُلق و محبت سے تم کرو
ہر ایک سے خلوص و محبت نصیب ہو

حضرت نواب مبارکہ بیگم

☆☆☆☆☆☆

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

10/اگست 2009ء

12-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am	عربی سروس
2-30 am	عربی سیکھئے
3-05 am	چلڈرن کلاس
3-50 am	خطبہ جمعہ 7/اگست 2009ء
4-55 am	دورہ حضور انور
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-20 am	تلاوت،خبریں
7-00 am	لقاء مع العرب
8-05 am	خطبہ جمعہ 7/اگست 2009ء
9-05 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-20 am	ہنی بی
9-55 am	سوال وجواب 18جون 1996ء
10-40 am	عربی سیکھئے
11-20 am	سیرت النبی ﷺ
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث،خبریں
1-05 pm	چلڈرنز کلاس
2-15 pm	فرنچ کلاس
2-40 pm	فرنچ ملاقات پروگرام
3-30 pm	انڈونیشین سروس
4-45 pm	خلافت جوبلی کوئز
6-00 pm	تلاوت، درس حدیث،خبریں
7-00 pm	بنگلہ پروگرام
8-00 pm	خطبہ جمعہ 8/اگست 2008ء
9-15 pm	طب وصحت
10-00 pm	چلڈرن کلاس
11-05 pm	فرنچ ملاقات

11/اگست 2009ء

12-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am	عربی سروس
1-20 am	لقاء مع العرب
2-35 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
3-10 am	چلڈرنز کلاس
4-15 am	خطبہ جمعہ 8/اگست 2008ء
5-15 am	طب وصحت
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am	تلاوت، درس حدیث،خبریں
7-40 am	لقاء مع العرب
8-45 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-00 am	خطبہ جمعہ
9-45 am	فرنچ سروس
10-30 am	طب وصحت

(باقی صفحہ 12 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

فتح نصیب جرنیل اور اطاعت شعار سپاہی

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب

اس مضمون میں آنحضرت ﷺ کے جلیل القدر صحابی اسلام کے درخشندہ گوہر۔ فتح نصیب جرنیل۔اطاعت شعار سپاہی حضرت خالد بن ولید کے اوصاف اور کردار کی چند جھلکیاں پیش کرنا چاہتا ہوں۔

حضرت خالد اسلام کے شدید دشمن ولید بن مغیرہ کے فرزند تھے۔مخزوم قبیلہ سے آپ کا تعلق تھا۔آپ کی والدہ کا نام لبابہ تھا۔ جو حضرت ام المومنین میمونہؓ کی رشتہ دار تھیں۔آپ کا خاندان زمانہ جاہلیت سے ممتاز چلا آ رہا تھا۔فوج کی سپہ سالاری کا عہدہ آپ ہی کے خاندان کے سپرد تھا۔ظہور اسلام کے وقت آپ ہی اس عہدہ پر فائز تھے۔ اس وقت آپ کی عمر ستائیس سال تھی۔کفار کی طرف سے اسلام کے خلاف تقریباً ہر مہم میں آپ شریک تھے۔غزوہ احد کے موقعہ پر جب لشکر کفار شکست کھا کر بھاگ رہا تھا تو خالد کی دور بین نگاہ اس درہ پر پڑی جہاں رسول خدا ﷺ نے حفاظت کے لئے چند صحابہ کو مقرر کیا تھا۔ خالد نے اسی راستہ سے مسلمانوں پر اچانک حملہ کر دیا۔جس سے مسلمانوں کو دکھ اٹھانا پڑا۔اسی طرح صلح حدیبیہ اور جنگ خندق میں بھی آپ کفار کے لشکر میں شریک رہے۔ان کو رسول خدا سے بے حد نفرت تھی۔پھر ان کی زندگی پر وہ دور آیا جبکہ خدا نے آپ کو مشرف بہ اسلام کیا۔یہ 8ھ کا واقعہ ہے۔

قبول اسلام

آپ نے اسلام قبول کرنے کی داستان خود بیان فرمائی ہے۔آپ فرماتے ہیں۔

جب خدا تعالیٰ نے مجھ پر اپنا فضل کرنا چاہا تو اس نے میرے دل میں اسلام کی محبت پیدا کر دی اور مجھے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت عطا فرمائی۔ میں سوچا کرتا تھا کہ میں آنحضرت ﷺ کے خلاف ہر جنگ میں لڑا لیکن ہمیشہ ہی ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا اور ہم اسلام کی شان و شوکت مٹانے میں کامیاب نہ ہو سکے آہستہ آہستہ میرے دل میں خیال پیدا ہونے لگا کہ میں غلط راستے پر کھڑا ہوں۔کوئی غیبی طاقت ضرور میرے دل میں آنحضرت ﷺ کے لئے جگہ پیدا کر رہی تھی۔ جب آنحضرت ﷺ عمرۃ القضاء کے لئے تشریف لائے تو میں مکہ سے نکل گیا اور جب تک رسول اللہؐ مکہ میں رہے میں وہاں داخل نہ ہوا۔میرے بھائی ولید بن ولید جو مسلمان ہو چکے تھے آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھے۔ رسول اللہؐ نے مجھے طلب فرمایا۔لیکن میں کہاں تھا۔اس پر میرے بھائی نے مجھے یہ خط لکھا۔

مجھے تعجب ہے کہ تم اسلام سے اس قدر برگشتہ کیوں ہو حالانکہ جس عقل کے تم مالک ہو۔وہ کبھی بھی اسلام کے حقیقی نور سے دور نہیں رہ سکتی۔رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے تمہارے متعلق دریافت فرمایا اور مجھ سے پوچھا کہ خالد کہاں ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ خالد کو اللہ ہی لائے تو لائے۔آپ نے فرمایا خالد جیسا شخص کبھی اسلام کی حقیقت سے ناواقف نہیں رہ سکتا۔اگر وہ مسلمانوں کے ساتھ مل کر مشرکین سے لڑتے۔تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا۔اے برادر تم بہت دنوں تک گمراہی میں رہے ہو۔اب حقیقت کو پہچانو اور سیدھے راستے پر آ جاؤ۔

یہ خط پڑھ کر میرے دل پر پڑے ہوئے تاریکی کے پردے چھٹ گئے اور مجھے اسلام سے رغبت پیدا ہو گئی۔سب سے زیادہ خوشی مجھے اس گفتگو سے ہوئی جو رسول اللہ ﷺ نے میرے متعلق بھائی سے کی تھی۔ میں نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کا مصمم ارادہ کر لیا اور جب میں نے تیاری مکمل کر لی تو صفوان بن امیہ اور عکرمہ بن ابوجہل سے ملا اور انہیں اپنے ارادہ سے آگاہ کیا۔ دونوں متعجب ہوئے اور اشتعال انگیز باتیں کیں۔ لیکن میں نے ان کی پرواہ نہیں کی اور اپنے دوست عثمان بن طلحہ کے پاس گیا اور اس سے کہا ہماری مثال اس لومڑی کی سی ہے جو بھٹ میں چھپی ہوئی ہو لیکن بھٹ میں اگر کثرت سے پانی ڈالا جائے تو اسے وہاں سے نکلنا ہی پڑتا ہے۔ہمیں یہ نظر آ رہا ہے کہ مسلمان ہم پر غالب آ جائیں گے۔ کیوں نہ ہم پہلے ہی مسلمان ہو جائیں۔عثمان میری توقع کے برعکس ہمارے ہمراہ مدینہ جانے پر آمادہ ہو گئے اور اگلے روز سورج طلوع ہونے سے پیشتر ہم دونوں نے مدینہ کی راہ لی۔ راستہ میں انہیں عمرو بن العاص بھی مل گئے جو مسلمان ہونے کے لئے مدینہ جا رہے تھے۔ جب رسول خدا ﷺ کو ان لوگوں کے مدینہ آنے کی خبر پہنچی تو بہت خوش ہوئے اور فرمایا مسلمانو! مکے نے اپنے جگر گوشے نکال کر تمہارے سامنے ڈال دیئے۔

نئے کپڑے پہن کر حضرت خالد اپنے بھائی کے ہمراہ آنحضرت ﷺ کے دربار میں حاضر ہوئے اور کلمۂ شہادت پڑھ کر مسلمان ہو گئے اور درخواست کی کہ میں نے اسلام کے خلاف جو کارروائیاں کر کے گناہ کیا ہے اس کے معافی کے لئے دعا فرمائیں۔ آپ نے میرے لئے یہ دعا کی۔

اے اللہ خالد کی پچھلی تمام لغزشوں کو جو اس سے تیرے دین کی مخالفت میں سرزد ہوئی معاف فرما۔

حضرت خالد نے کہا خدا کی قسم جس دن سے میں نے اسلام قبول کیا اس دن سے رسول خدا ﷺ نے میرے اور دوسرے صحابہ کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا۔ ہر موقعہ پر دوسرے صحابہ کے ساتھ شریک فرماتے تھے۔ حضرت خالد کے مدینہ میں رہنے کے لئے آنحضرت ﷺ نے اپنے مکانوں میں سے جو حارثہ بن نعمان نے حضور کو پیش کئے تھے ایک مکان مرحمت فرمایا۔

(سیرت حلبیہ)

جنگ موتہ اور خالد

اسلام قبول کرنے کے بعد آپ نے اپنے آپ کو ہمہ تن اسلام کی خدمت کے لئے وقف کر دیا اور خدا کی راہ میں آپ کو نہ اپنی جان کی پرواہ تھی نہ مال کی۔ آنحضرت ﷺ کی زندگی میں آپ سب سے پہلی جنگ جس میں شریک ہوئے وہ جنگ موتہ تھی۔ آنحضرت ﷺ نے اپنے صحابی حارث بن عمیر کو حاکم بصرہ کے پاس پیغام دے کر بھیجا۔ ان لوگوں نے حارث کو شہید کر دیا۔اس پر جمادی الاول 8 ہجری میں رسول اللہؐ نے ایک لشکر شام بھجوایا اور زید بن حارثہ کو قائد بنایا اور ان کے بعد جعفر بن ابو طالب اور عبداللہ بن رواحہ کو بالترتیب قائد مقرر فرمایا۔اس کے مقابل میں شاہ روم کا ایک لشکر جرار تھا۔ یہ تینوں قائد یکے بعد دیگرے شہید ہوئے تب مسلمانوں نے خالد بن ولید کو اپنا قائد مقرر کر لیا۔حضرت خالد نے اپنی جنگی قابلیت کا کمال مظاہرہ نہایت درجہ اخلاص سے کیا۔ راتوں رات اسلامی لشکر کو ایک ایسی نئی ترتیب دی کہ دشمن سمجھا کہ مسلمانوں کو نئی کمک پہنچ گئی ہے اور نہایت خوبی کے ساتھ لڑتے ہوئے اپنے لشکر کو ہزیمت سے بچا لیا۔ جنگ موتہ کی بابت انہوں نے خود بتایا کہ اس موقعہ پر میرے ہاتھ سے نو تلواریں ٹوٹیں اور یمنی تلوار صحیح سلامت رہی۔ اس موقعہ پر یہ عجیب واقعہ پیش آیا کہ ادھر یہ معرکہ ہو رہا تھا ادھر مدینہ میں رسول خدا ﷺ کو خدا یہ تمام ماجرا دکھا رہا تھا۔ آپ نے صحابہ کو تینوں قائدین کی شہادت کا حال سنایا اور فرمایا کہ ان کے بعد خالد بن ولید نے جھنڈا اپنے ہاتھ میں لیا اور فرمایا اے اللہ وہ تیری تلواروں میں سے ایک تلوار ہے تو ہی ان کی مدد فرما۔اسی دن سے ان کا لقب سیف اللہ پڑا۔

فتح مکہ اور خالد بن ولید

جب آنحضرت ﷺ اپنے دس ہزار قدوسیوں کو لے کر مکہ معظّمہ کی طرف روانہ ہوئے تو آپ نے ذی طوی مقام پر پہنچ کر اسلامی لشکر کو ترتیب دی اور چار حصوں میں تقسیم فرمایا اور ان کو حکم دیا کہ مسلمانوں کا لشکر مکہ میں چار اطراف سے داخل ہو (طبقات ابن سعد جلد 2 ص 98) اس موقعہ پر رسول اللہؐ نے حضرت خالد کو میمنہ کا امیر مقرر کیا اور یہ پہلا موقع تھا کہ جب رسول خدا ﷺ کی جانب سے حضرت خالد کو قیادت سونپی گئی۔ مکہ کے زیریں حصہ میں خندمہ کے مقام پر صفوان بن امیہ اور عکرمہ بن ابوجہل کی جمعیت سے مٹھ بھیڑ ہوئی۔ اللہ نے حضرت خالد کے لئے مقدر کر رکھا تھا کہ وہ اس دن اپنی تلوار کے جوہر دکھائیں اور انہیں لوگوں سے لڑیں جن کے ساتھ ہو کر وہ کچھ عرصہ قبل مسلمانوں سے جنگ کیا کرتے تھے۔

حضرت خالد کو رسول خدا ﷺ نے سب سے پہلے مکہ میں داخل ہونے کا حکم دیا تھا چنانچہ آپ کامیاب ہوئے اور شہر مکہ میں جب داخل ہو رہے تھے تو رسول خدا تعالیٰ نے حضرت ابو ہریرہ سے پوچھا کہ یہ کون ہے اور جب آپ کو اطلاع دی گئی کہ یہ خالد ہیں تو آپ نے فرمایا کہ یہ اللہ کا بندہ بھی کیا خوب آدمی ہے۔ یہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔ جسے اس نے دشمنوں کے خلاف کھینچا ہے۔

(سیرت حلبیہ جلد 4 ص 286)

جنگ حنین میں آپ بڑی بے جگری سے لڑے۔ دشمنوں کی صفوں کی صفیں کاٹ کر رکھ دیں۔خود آپ کے بے شمار زخم آئے۔رسول مقبول ﷺ خود آپ کی عیادت کے لئے تشریف لائے اور آپ کی تیمارداری کے لئے ہدایات دیں۔

(سیرت حلبیہ جلد 2 ص 191)

خالد بحیثیت مبلغ اسلام

10 ہجری میں آنحضرت ﷺ نے حضرت خالد کو نجران کے علاقہ میں بھجوایا۔آپ نے وہاں پہنچ کر اپنے ساتھیوں کو علاقہ میں تبلیغ کے لئے پھیلا دیا۔ چنانچہ قبیلہ نے دعوت اسلام کو قبول کیا اور اس کی اطلاع آنحضرت ﷺ کو بھجوا دی اور ان کی تربیت کے لئے آپ وہاں ٹھہرے رہے اور آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق ایک وفد لے کر آپ مدینہ پہنچے۔اسی طرح جنگ یرموک میں عیسائیوں کے سفیر جارج کو آپ نے تبلیغ کی اور وہ دوران جنگ ہی مسلمان ہو گیا۔فتنہ ارتداد کے وقت بنو ہوازن، بنو سلیم، بنو عامر انہیں کی کوششوں سے دوبارہ اسلام لائے۔

خلافت راشدہ کا عہد

حضرت خالد کی خدمات اور مہمات کا سلسلہ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد خلافت اولیٰ اور خلافت ثانیہ میں بھی جاری رہا۔ چنانچہ جب رسول خدا کی وفات پر عرب میں ارتداد اور نظام شکنی کی رو چل پڑی اور ایسے فتنوں نے سر اٹھایا جس سے اسلامی عمارت کے متزلزل ہونے کا سخت خطرہ پیدا ہو گیا۔تو حضرت ابوبکرؓ نے باغیوں کی اصلاح کے لئے گیارہ سردار مقرر فرمائے اور انہیں مختلف علاقوں میں بھجوایا۔ طلیحہ جس نے دعویٰ نبوت کیا تھا اور بہت سارے قبائل کو اپنے ساتھ ملا لیا۔اس سے مقابلہ کے لئے آپ گئے۔ طلیحہ نے ان صحابہ کو جو دریافت حال کے لئے لشکر سے آگے روانہ کئے گئے تھے شہید کر دیا۔جس کی بناء پر حضرت خالد نے اس کے لشکر کو تتر بتر کر دیا۔طلیحہ بھاگ کر شام چلا گیا۔آپ نے لوگوں کو سمجھایا جس سے وہ دوبارہ اسلام میں داخل ہو گئے۔

حضرت خالد کے امتیازی اوصاف

حضرت خالد نے تقریباً سوا سو جنگوں میں حصہ لیا اور ہر میدان میں کامیاب وکامران رہے۔ کسی جگہ بھی آپ کو شکست کا سامنا نہ کرنا پڑا۔ جہاں جاتے فتح اور کامیابی آپ کے قدم چومتی تھی۔ آپ ایک مدبر اور دور اندیش سپہ سالار تھے۔ آپ جانتے تھے کہ کس موقعہ پر آگے بڑھنا چاہئے اور کس موقعہ پر مدافعت کرنی چاہئے۔ آپ میں سپہ سالار کی صفات کے ساتھ ساتھ سپاہی کی صفات بھی بدرجہ اتم آپ میں موجود تھیں۔ حملہ کا موزوں وقت ۔ دشمن کے حالات سے پوری طرح باخبر رہنا۔ مفتوح علاقوں کی حفاظت ونگرانی کے لئے پختہ انتظام۔ لشکر کے عقب کی حفاظت کا اہتمام۔ یہ وہ خصوصیات ہیں جو آپ کی جنگ میں پختہ کاری اور تجربہ کی شاہد ہیں۔ جب تک آپ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو جاتے میدان جنگ سے نہ ہٹتے۔ آپ ایک نڈر انسان تھے۔ دشمن کی قلت و کثرت سامان جنگ کی فراوانی آپ کو قطعاً مرعوب نہ کر سکتی نہ اپنی ماتحت فوج سے بہت محبت کرتے اور نہایت نرمی سے پیش آتے۔ میدان جنگ میں شہادت حاصل کرنے کے حد درجہ شائق تھے۔ آپ کے اوصاف واخلاق کا پتہ ان ارشادات سے ظاہر ہے۔ جو آنحضرت ﷺ، خلفاء اور جلیل القدر صحابہ نے فرمائے جن میں سے چند ایک بیان کئے جاتے ہیں۔

رسول خدا ﷺ نے فرمایا:۔

’’خالد کو تکلیف نہ دو کیونکہ وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔ جسے اللہ نے کافروں پر گرایا ہے۔‘‘

(الاستیعاب جلد اول ص158)

ایک جنگ کے موقعہ پر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا۔

’’اے گروہ قریش! تمہارے شیر نے ایک شیر پر حملہ کر دیا اور اس کے بھٹ میں گھس کر اس کو مغلوب کر دیا۔ اب عورتیں خالد جیسا بہادر پیدا کرنے سے عاجز ہیں۔‘‘

(سیرت الحلبیہ جلد اول صفحہ 176)

قنسرین کی فتح کا حال سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا:۔

’’اس کارنامے سے خالد نے خود ہی اپنے آپ کو امیر بنا لیا۔ اللہ ابوبکر پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔ وہ مجھ سے زیادہ مردم شناس تھے۔‘‘

(طبری جلد 4 ص30)

حضرت خالد کی وفات پر حضرت عمرؓ نے فرمایا:۔

’’اسلام کی فصیل میں ایسی دراڑ پڑ گئی ہے جو کبھی پُر نہ ہو سکے گی۔ (طبری جلد 4 ص155)

حضرت عمرو بن العاص سے ایک مرتبہ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت خالد کے بارے میں رائے طلب کی تو انہوں نے کہا۔

’’جنگ کی سیاست کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں۔ موت کی پرواہ مطلق نہیں کرتے۔ ان میں بلے کی سی پھرتی ہے اور ان کا حملہ شیر کے مانند ہے۔‘‘

(ابن عساکر ص 714)

دشمنان اسلام میں اکیدر رئیس دومہ نے آپ کے متعلق کہا۔

’’فتح حاصل کرنے میں کوئی شخص ان سے زیادہ خوش نصیب اور جنگی امور میں کوئی شخص ان سے زیادہ تجربہ کار نہیں ہے۔ خالد کے مقابلہ میں کوئی قوم خواہ اس کی تعداد کم ہو یا زیادہ ٹھہر نہیں سکتی۔‘‘

(الیعقوبی جلد 2 ص144)

ان اقوال سے حضرت خالد کی بہادری اور استعداد کی صحیح تصویر ہمارے سامنے آ جاتی ہے۔ آپ کی زندگی کا ایک روشن پہلو یہ ہے کہ آپ نے اطاعت امام کا ایک بے نظیر نمونہ پیش کیا۔ آپ حضرت صدیق کی خلافت میں سپہ سالار جیوش اسلامی رہے۔ لیکن حضرت عمرؓ نے جنگ یرموک کے موقعہ پر آپ کو معزول کر کے حضرت ابوعبیدہ کو سپہ سالار بنا دیا اور آپ کو مدینہ بلا لیا اور کہا۔

تم نے بہت سے کارہائے نمایاں کئے اور کوئی شخص تم جیسے کارنامے بجا نہ لا سکا۔ یعنی اصل بات یہ ہے۔ کہ قومیں کچھ نہیں کیا کرتیں۔ جو کچھ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کرتا ہے۔ (الطبری ص206)

اس معزولی سے حضرت خالد کے عزم ارادہ، قوت، طاقت، دین کی حمایت، سرگرمی میں کوئی فرق نہ آیا۔ آپ ایک سپاہی کی حیثیت سے اس جانفروشی سے خدمات بجالاتے رہے جیسے آپ سپہ سالار ہونے کی حیثیت سے سرانجام دیتے تھے۔ تا وہ حیات ایسا بے نظیر نمونہ قربانی اور اطاعت کا پیش کیا جو رہتی دنیا تک یادگار رہے گا۔ حضرت عمرؓ نے جو معزولی کی بابت حضرت ابوعبیدہ کو خط لکھا اس میں تحریر فرمایا۔

’’میں نے خالد کو کسی ناراضی یا خیانت کی وجہ سے معزول نہیں کیا۔ بلکہ اس وجہ سے کیا کہ لوگ ان کی وجہ سے فتنہ میں پڑنے لگے تھے۔ مجھے ڈر پیدا ہوا کہ کہیں وہ خالد کی ذات پر بھروسہ نہ کرنے لگیں۔ میں چاہتا ہوں لوگ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لیں کہ جو کچھ کرتا ہے اللہ کرتا ہے بندہ کچھ بھی حیثیت اور اختیار نہیں رکھتا۔ (طبری جلد 4 ص206)

حضرت عمرؓ کے دل میں خالد کا جو مقام تھا اس کا اندازہ اس روایت سے ہوتا ہے کہ جب آپ مدینہ آئے تو آپ نے فرمایا:۔

’’خالد اللہ کی قسم تم مجھے نہایت عزیز اور محبوب ہو۔‘‘

بنو مخزوم کے شاعر ہشام بن مخیّری نے حضرت خالد کے بارے میں کچھ اشعار سنائے تو آپ نے اسے فرمایا:۔

’’تم نے ابوسلمان (حضرت خالد) کی قرار واقعی تعریف وتوصیف نہیں کی وہ چاہتے تھے کہ شرک کو کلی طور پر نیست ونابود کر دیں۔ انہوں نے اپنی زندگی نہایت اچھے طریقے پر گزاری۔ وہ اپنی مثال آپ تھے اور زمانہ ان کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔‘‘

(ابن عساکر ص714)

وفات

جب آپ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور آپ نے نہایت حسرت سے فرمایا :۔

’’میں ایک سو سے زائد جنگوں میں لڑا ہوں۔ میرے جسم کا کوئی حصہ ایسا نہیں جہاں تلوار، تیر یا نیزے کے زخم کا نشان نہ ہو۔ میری سب سے بڑی خواہش یہ تھی کہ میدان جنگ میں شہادت حاصل کرتا لیکن افسوس میں بستر پر پڑا ہوا اس طرح جان دے رہا ہوں جس طرح اونٹ جان دیتا ہے۔‘‘

(اسد الغابہ جلد 2 صفحہ 104)

مکرم قریشی محمد کریم صاحب

انگلستان میں جماعت احمدیہ کے پہلے مربی

حضرت مسیح موعود کی تحریک پر اپنی زندگی کو خدمت دین کے لئے پیش کرنے والے انگلستان میں جماعت احمدیہ کے پہلے مربی حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحب جوڑہ کلاں ضلع قصور میں 1887ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد چوہدری نظام الدین صاحب ایک بہت بڑے زمیندار اور علاقہ میں گہرا اثر رکھنے والی شخصیت تھے۔ انہیں 1895ء میں حضرت مسیح موعود کی بیعت کی سعادت ملی۔ حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال نے 1899ء میں اپنے والد محترم کے ہمراہ قادیان آ کر حضرت صاحب کی بیعت کی۔ اس وقت آپ کی عمر بارہ سال تھی۔

جس روز آپ نے قادیان میں آ کر بیعت کی اسی روز حضرت مسیح موعود کے صاحبزادہ حضرت مرزا مبارک احمد کے عقیقے کی تقریب تھی۔ آپ نے میٹرک قادیان سے کیا پھر گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ایم اے کیا۔

حضرت مسیح موعود سے آپ کو ذاتی تعارف و تعلق تھا۔ جن دنوں آپ گورنمنٹ کالج لاہور میں پڑھ رہے تھے حضرت صاحب ازراہ شفقت اپنی ہر نئی تصنیف شائع ہونے پر بذریعہ ڈاک آپ کو بھجوا دیتے تھے۔ حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں کہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ اُن سے بہت محبت کرتے تھے۔ رات کے وقت تار دینے کی ضرورت پڑتی تو ان کو ہی بٹالہ بھجوایا کرتے تھے۔ ستمبر 1907ء میں حضرت صاحب نے احباب جماعت کو دین کی خدمت کے لئے زندگیاں وقف کرنے کی تحریک فرمائی تو آپ نے بھی 25 ستمبر 1907ء کو حضرت صاحب کی خدمت میں خط لکھا اور خود کو بطور واقف زندگی پیش کیا اس پر حضرت صاحب نے آپ کو جواباً تحریر فرمایا۔

’’مجھے اس بات سے بہت خوشی ہوئی کہ تم نے اپنی زندگی (دین حق) کی راہ میں وقف کی۔ اللہ تعالیٰ استقامت بخشے‘‘۔

حضرت مسیح موعود سے محبت اور عشق کا ایک واقعہ

آپ کی صاحبزادی امۃ الشافی سیال صاحبہ لکھتی ہیں۔

’’میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد آپ لاہور آ کر کالج میں داخل ہو گئے۔ اس زمانے میں دوسرے احمدیوں کے ساتھ آپ ہر ہفتے قادیان جایا کرتے تھے ان دنوں ہفتہ کے دن نصف رخصت ہوتی تھی آپ پچھلے پہر امرتسر سے پٹھانکوٹ جانے والی ٹرین پکڑ کر بٹالہ پہنچتے اور وہاں سے آگے پیدل یا ٹمٹم لے کر بارہ کوس کچا راستہ طے کر کے مغرب سے پہلے قادیان پہنچ جاتے اور دوسرے دن یعنی اتوار کی سہ پہر کو واپسی کے لئے اسی طرح بٹالہ پہنچ کر لاہور کی ٹرین پکڑ لیتے۔ ابا جان پڑھائی کے دوران زیادہ تر وقت تواتر کے ساتھ قادیان میں ہی گزارا کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ ایک اتوار کسی وجہ سے قادیان نہ جا سکے۔ تو حضرت مسیح موعود نے دریافت فرمایا کہ فتح محمد نہیں آیا۔ جواب جب نفی میں ملا تو اسی وقت آپ کا پتہ کرنے کے لئے آدمی لاہور بھجوایا کہ جا کر پتہ کریں کہ کیا وجہ ہے۔ ایسی محبت کرنے والی شفیق ہستی سے انسان کیوں محبت نہ کرتے۔

(سیرت حضرت چوہدری فتح محمد سیال صفحہ 7-8)

حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال کو اپنی زندگی میں اس دعائے استقامت سے فیضیاب ہونے کی توفیق ملی۔ سکول میں چھٹی جماعت کے انگریزی کے استاد کے طور پر خدمت کا آغاز کرتے ہوئے جماعت کے پہلے مربی انگلستان کے منصب پر فائز ہوئے۔

جماعت احمدیہ کے سالانہ جلسوں میں تقاریر کیں۔ اخبارات و رسائل میں متعدد مضامین لکھے۔ مختلف نظارتوں کے ناظر سے ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ تک متعدد عہدوں پر فائز رہے۔

سلسلہ عالیہ احمدیہ کے یہ فدائی اور واقفین زندگی جماعت احمدیہ کے سرخیل مورخہ 28 فروری 1960ء کو وفات پا گئے اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہوئے۔

مکرم منصور احمد صاحب

مجلس خدام الاحمدیہ کے مقاصد اور شعبہ جات کا تعارف

گو دنیا میں نوجوانوں کی بہت سی تنظیمیں ہیں لیکن کوئی بھی تنظیم ایسی نہیں ہے کہ جس کی بنیاد اللہ تعالیٰ کی منشاء کے مطابق رکھی گئی ہو۔ مجلس خدام الاحمدیہ کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس کی بنیاد خدا تعالیٰ کی منشاء کے ماتحت حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب المصلح الموعود نے رکھی۔ حضرت مسیح موعود نوجوانوں کے متعلق فرماتے ہیں کہ:

"اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ زمانہ جو شباب اور جوانی کا زمانہ ہے ایک ایسا زمانہ ہے کہ نفس امارہ نے اس کو ردی کیا ہوا ہے لیکن اگر کوئی کارآمد ایام ہیں تو یہی ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی زبانی قرآن شریف میں درج ہے (۔) میں اپنے نفس کو بری نہیں ٹھہرا سکتا کیونکہ نفس امارہ بدی کی طرف تحریک کرتا ہے۔ اس کی اس قسم کی تحریکوں سے وہی پاک ہو سکتا ہے جس پر میرا ربّ رحم کرے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ کی بدیوں اور جذبات سے بچنے کے واسطے نری کوشش ہی شرط نہیں بلکہ دعاؤں کی بہت بڑی ضرورت ہے۔ نرا زہد ظاہری ہی (جو انسان اپنی سعی اور کوشش سے کرتا ہے) کارآمد نہیں ہوتا۔ جب تک خدا تعالیٰ کا فضل اور رحم ساتھ نہ ہو اور اصل تو یہ ہے کہ اصل زہد اور تقویٰ تو ہے ہی وہی جو خدا تعالیٰ کی طرف سے آتا ہے۔ حقیقی پاکیزگی اور حقیقی تقویٰ اسی طرح ملتا ہے۔ ورنہ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ بہت سے جاہے بالکل سفید ہوتے ہیں اور باوجود سفید ہونے کے بھی وہ پلید ہو سکتے ہیں تو اس ظاہری تقویٰ اور طہارت کی ایسی ہی مثال ہے۔ تاہم اس حقیقی پاکیزگی اور حقیقی تقویٰ اور طہارت کے حصول کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اس زمانہ شباب و جوانی میں انسان کوشش کرے جبکہ قویٰ میں قوت اور طاقت اور دل میں ایک امنگ اور جوش ہوتا ہے۔ اس زمانہ میں کوشش کرنا عقلمند کا کام ہے اور عقل اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔"

(ملفوظات جلد 4 صفحہ 201,200)

ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں کہ:۔

"نوجوانوں کو خدمت دین میں دن رات مشغول رہنا چاہئے" (بدر قادیان۔ یکم جون جنوری 1905ء)

ذیلی تنظیموں کی بنیاد اور غرض

بانی خدام الاحمدیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں کہ:

"ایک طرف ہماری جماعت کو نیکی، تقویٰ، عبادت گزاری، دیانت، راستی اور عدل وانصاف میں ایسی ترقی کرنی چاہئے کہ نہ صرف اپنے بلکہ غیر بھی اس کا اعتراف کریں۔ اسی غرض کو پورا کرنے کے لئے میں نے خدام الاحمدیہ، انصار اللہ اور لجنہ اماء اللہ کی تحریکات جاری کی ہیں"۔

("مشعل راہ" جلد اول صفحہ 346)

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مجلس خدام الاحمدیہ کی بنیاد 4 فروری 1938ء کو رکھی۔ اس تنظیم میں پندرہ سال سے چالیس سال تک کے ہر مبائع کا شامل ہونا انتہائی ضروری ہے۔ خدام الاحمدیہ ایک مذہبی انجمن ہے جس کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ لیکن اس انجمن جیسی کوئی دوسری انجمن نہیں۔ حضرت المصلح الموعود فرماتے ہیں:

"..........خدام الاحمدیہ کے وہ ممبر جو یہ سمجھتے ہیں کہ خدام الاحمدیہ دوسری انجمنوں کی طرح ایک انجمن ہے، وہ ہرگز اس قابل نہیں کہ انہیں اس میں شامل رکھا جائے۔" ("مشعل راہ" جلد اول ص 181,180)

اس تنظیم کے قیام کی غرض

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

"میری غرض اس مجلس کے قیام سے یہ ہے کہ جو تعلیم ہمارے دلوں میں دفن ہے اسے ہوا نہ لگ جائے بلکہ وہ اسی طرح نسلاً بعد نسلٍ دلوں میں دفن ہوتی چلی جائے۔ آج وہ ہمارے دلوں میں دفن ہے تو کل وہ ہماری اولاد کے دلوں میں دفن ہو اور پرسوں ان کی اولاد کے دلوں میں۔ یہاں تک کہ یہ تعلیم ہم سے وابستہ ہو جائے ہمارے دلوں کے ساتھ چمٹ جائے اور ایسی صورت اختیار کرلے جو دنیا کے لئے مفید اور بابرکت ہو۔"

("مشعل راہ" جلد اول ص 80)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایک موقعہ پر فرماتے ہیں کہ:

"خدام الاحمدیہ کا قیام بھی اس غرض سے ہوا کہ آنے والی نسلوں کی تربیت اس رنگ میں کی جائے کہ وہ بھی نبی اکرم ﷺ کی عظمت اور جلال کے اظہار کے لئے قربانیاں دیتی چلی جائیں۔"

("مشعل راہ" جلد دوم ص 266)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

"میں نے سب نوجوانوں کی اصلاح اور دوسروں کو مفید دینی کاموں میں لگانے کے لئے مجلس خدام الاحمدیہ قائم کی تھی۔"

("مشعل راہ جلد اول صفحہ 204)

اس مجلس کا پورا نام "مجلس خدام الاحمدیہ سلسلہ عالیہ احمدیہ" ہے۔

خدام الاحمدیہ کی بڑی ذمہ داریاں اور بہت سے فرائض ہیں۔ یہ تمام فرائض مقررہ دستور اساسی اور حضرت امام جماعت احمدیہ کی ہدایت کے مطابق سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ ان تمام کاموں، ذمہ داریوں اور فرائض کے حصول کے لئے اور انہیں آسان بنانے کے لئے متعدد شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جنہیں کچھ اختصار کے ساتھ درج کیا جاتا ہے۔

اعتماد

مجلس کا مکمل ریکارڈ رکھنا شعبہ اعتماد کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ مرکز اور مجلس کے درمیان رابطہ اور بروقت مرکز کو رپورٹ کی ترسیل فرائض میں شامل ہے۔ املاک کی حفاظت اور اجتماعات کا انعقاد بھی ان کے فرائض میں شامل ہے۔

تجنید

شعبہ تجنید کی بنیادی ذمہ داریاں درج ذیل ہیں۔

1۔ خدام کے تفصیلی کوائف کا اندراج۔

2۔ خدام کی احزاب میں تقسیم اور سائقین کا تقرر۔

3۔ آنے اور جانے والے خدام کے مفصل ایڈریس سے مرکز کو آگاہ کرنا۔

صنعت و تجارت

اس شعبہ کا بنیادی فریضہ یہ ہے کہ ہر خادم کوئی نہ کوئی ہنر سیکھے اور خود کما کر کھانے کی عادت ڈالے۔ اس سلسلہ میں حضرت المصلح الموعود فرماتے ہیں کہ:۔

"یہ ایک بہت بڑا نقص ہے جس کی اصلاح ہونی چاہئے اور یہ اصلاح اسی صورت میں ہو سکتی ہے جب ہر شخص یہ عہد کرلے کہ وہ مانگ کر نہیں کھائے گا بلکہ کما کر کھائے گا۔ اگر کوئی شخص کام کو عیب سمجھتا اور پھر بھوکا رہتا ہے تو اس کا ہمارے پاس کوئی علاج نہیں"۔

("مشعل راہ" جلد اول صفحہ 87)

تربیت

اس شعبہ کی بنیادی ذمہ داریاں یہ ہیں:

1۔ خدام کو پنج وقتہ نماز باجماعت کا عادی بنانا۔

2۔ سچ کی عادت خدام میں پیدا کرنا۔ اس سلسلہ میں المصلح الموعود فرماتے ہیں:

"اچھے اخلاق پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔ اچھے اخلاق میں سے میں نے کئی دفعہ بیان کیا ہے، بہترین اخلاق جن کا پیدا کرنا کسی قوم کی زندگی کے لئے نہایت ضروری ہے وہ سچ اور دیانت ہیں اور بھی بہت سے اخلاق ہیں مگر سچ اور دیانت نہایت اہمیت رکھنے والے اخلاق ہیں۔ جس قوم میں سچ پیدا ہو جائے اور جس قوم میں دیانت آجائے وہ قوم نہ کبھی ذلیل ہو سکتی ہے اور نہ کبھی غلام بنائی جا سکتی ہے۔"

("مشعل راہ" جلد اول صفحہ 113)

3۔ حفظِ قرآن کی سکیم میں خدام کو شامل کرنا۔

4۔ نظام وصیت میں شمولیت۔

5۔ تربیتی کلاسوں کا اجراء۔

ایڈیشنل شعبہ تربیت

اس شعبہ کے قیام کا مقصد نومبائع خدام و اطفال کی اعلیٰ معیار پر تعلیم و تربیت کرنا ہے کہ جس سے وہ جماعت کے لئے ایک فعال حصہ بن سکیں۔

اصلاح و ارشاد

دعوت الی اللہ کا اہم ترین کام اسی شعبہ کے ماتحت ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

"پس (دعوت الی اللہ) کو ہمیشہ جاری رکھو اور نظام خلافت سے اپنے آپ کو پورے اخلاص کے ساتھ وابستہ رکھو"

("مشعل راہ" جلد اول صفحہ 806)

تعلیم

اس کے تحت تعلیمی کلاسیں منعقد کرنا اور مرکزی امتحانات میں خدام کی شمولیت ہے۔ اس کے علاوہ اس شعبہ کی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ خدام کو قرآن کریم باترجمہ اور نماز باترجمہ سکھائی جائے۔ حضرت بانی خدام الاحمدیہ خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں کہ:۔

"احمدیت کی ترقی کے ساتھ (۔) کی ترقی اور (۔) کی ترقی کے ساتھ دنیا کی ترقی وابستہ ہے اور احمدیت کی ترقی کے لئے دو کام کرنے نہایت ضروری ہیں۔ ایک تعلیم و تربیت کا اور دوسرا (دعوت الی اللہ) کا۔"

("مشعل راہ" جلد اول ص 76)

خدمت خلق

جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے، خدمت خلق سے مراد انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

"واضح رہے کہ خدمت خلق سے میری مراد محض احمدیوں یا (۔) کی خدمت نہیں بلکہ بلا امتیاز مذہب و ملت خدا کی ساری ہی مخلوق کی خدمت مراد ہے حتیٰ کہ اگر دشمن بھی مصیبت میں ہو تو اس کی بھی مدد کرو۔ یہ ہے خدمت خلق کا صحیح جذبہ۔"

("مشعل راہ" جلد اول ص 643)

مال

چندہ خدام الاحمدیہ میں خدام کی باشرح شمولیت اور وصولی کا انتظام کروانا شامل ہے۔

تحریک جدید

تحریک جدید میں جملہ خدام کی شمولیت اور ان کے

مطالبات کے مطابق خدام کو زندگی گزارنے کی ہدایت۔

وقارعمل

خدام کو اس بات کی عادت ڈالنا کہ اپنے ہاتھ سے کام کرنے میں عزت ہے اور کوئی کام بھی معمولی نہیں ہے۔ اجتماعی وقارعمل کے ذریعہ گلی اور محلوں کی صفائی کرنا شامل ہے۔

صحتِ جسمانی

خدام میں کھیلوں کا فروغ اور صحت کی طرف توجہ دلانا اہم بھی ہے اور ضروری بھی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں کہ:

’’صحت جسمانی کی طرف اور ذہانت کی طرف ہمیں خاص طور پر توجہ کرنی چاہئے۔‘‘

(مشعل راہ جلد دوم ص35)

آپ مزید فرماتے ہیں کہ:

’’اپنے آپ کو ’’القوی‘‘ بنانے کے لئے اپنی جسمانی قوتوں کی نشوونما کو عروج تک پہنچاؤ۔‘‘

(مشعل راہ جلد دوم صفحہ 387)

امورطلباء

خدام کو کم ازکم میٹرک تک تعلیم کی طرف راغب کرنا اور فری کوچنگ کلاسز کا انتظام کروانا۔

محاسبہ

خدام الاحمدیہ کے چندہ جات کی مکمل جانچ پڑتال کرنا اور مجلس کے اخراجات کا ریکارڈ رکھنا۔

اشاعت

رسالہ جات ’’خالد‘‘ اور ’’تشحیذ الاذہان‘‘ کی خریداری اور اشتہارات اور مضامین کے لئے کوشش کرنا۔

شعبہ اطفال

7سال سے 14سال کی عمر تک کے بچے ’’اطفال الاحمدیہ‘‘ میں آتے ہیں اور ہر رکن کو ’طفل‘ کہا جاتا ہے۔ یہ شعبہ مجلس خدام الاحمدیہ کے تابع ہے اور اس کا کام بچوں کی صحیح تعلیم وتربیت کرنا ہے۔

حضرت مصلح موعود نے مجلس خدام الاحمدیہ کو مندرجہ ذیل ماٹو دیا جو خدام الاحمدیہ کی اہمیت اور افادیت کو بہت نمایاں کرتا ہے۔

’’قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہوسکتی۔‘‘

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے مجلس خدام الاحمدیہ کی اہم ذمہ داریوں کا ذکر اس طرح فرمایا ہے۔

’’اب اس وقت جونسل ہماری ہے یعنی خدام الاحمدیہ، جس میں اطفال اور خدام شامل ہیں یعنی جن کی سات سال سے لے کر چالیس سال تک کی عمر ہے اس پر بڑی ذمہ داریاں ہیں۔ اس وقت افق انسانیت پر غلبہ (۔) کی شعاعیں جن کی نگاہیں تیز ہیں انہیں ابھرتی نظر آ رہی ہیں۔ جن کی نگاہیں ذرا کمزور ہیں وہ آج نہیں تو کل دیکھ لیں گے۔ لیکن ہمارے اوپر بڑی ذمہ داریاں ڈالی گئی ہیں۔ ہمیں اخلاقی لحاظ سے ذہنی لحاظ سے اور جسمانی لحاظ سے ہر وقت چوکس رہنا چاہئے۔ مدثر کے معنی یہی ہوں گے۔ وہ گھوڑا کون ہے جس کی پیٹھ پر آپ نے سوار ہونا ہے اور وہ تیار ہے اور جسے آپ نے خوب کھلا پلا کر تیار رکھا ہوا ہے کہ عرب کے گھوڑے کی طرح نوسو میل بغیر پانی پیئے سفر طے کر لے۔ وہ گھوڑا علم کا گھوڑا ہے۔ وہ گھوڑا اخلاق کا گھوڑا ہے۔ وہ گھوڑا خداتعالیٰ کی رحمتوں کو جذب کرنے کا گھوڑا ہے۔ جسے ہم تمثیلی زبان میں گھوڑا کہتے ہیں۔ اس کے اوپر آپ نے سوار ہونا ہے۔ محمد ﷺ کے اخلاق کو لے کر، محمد ﷺ کو جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے علوم سکھائے گئے ہیں ان کو لے کر اور جو نور آپ کو دیا گیا ہے اس نور کی بھریاں بھر کر (اگر اس نور کی بھریاں بھری جاسکیں اور آپ اس کو سمجھ جائیں) آپ نے دنیا کے پاس جانا ہے۔ اس سے لینے کے لئے نہیں بلکہ اسے دینے کے لئے آپ نے جانا ہے۔ اس کام کے لئے آپ کو تیار ہونا چاہئے۔ خدا کرے ہماری ساری دعائیں اور ہماری حقیر کوششیں کامیاب ہوں اور یہ نسل جو اس وقت ہمارے دلوں میں فکر پیدا کر رہی ہے وہ خداتعالیٰ کی رحمتوں کو ہم سے زیادہ حاصل کرے، ہم سے کم حاصل نہ کرے۔‘‘

(’’مشعل راہ‘‘ جلد دوم صفحہ 295)

خداتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہر خادم کو اپنے خاص فضل وکرم سے توفیق عطا فرمائے کہ وہ تمام ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں اٹھا سکے۔ آمین۔ اللھم آمین

مکرم رزاق محمود طاہر صاحب

اماں جی محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ

محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ زوجہ مکرم چودھری نظام دین صاحب مورخہ 5 مئی 2008ء کو رات 9 بجے چک 38 جنوبی میں وفات پاگئیں۔ آپ کی عمر 93 برس تھی۔ آپ اپنے دو بیٹوں مکرم چودھری رحمت اللہ صاحب اور مکرم حشمت اللہ صاحب کے گھر ساکن چک 38 جنوبی ضلع سرگودھا میں قیام پذیر تھیں۔ مرحومہ کے والد مکرم چودھری غلام محمد صاحب اپنے علاقے میں ایک معتبر اور معزز شخصیت جانے جاتے تھے جنہیں اللہ تعالیٰ نے امام الزمان کو پہچاننے اور ماننے کی توفیق عطا فرمائی اور بیعت کے بعد حضرت مسیح موعود سے والہانہ جذبہ محبت عطا کیا۔ مرحومہ عائشہ بی بی صاحبہ کے والد گرامی کے احمدیت سے دلی پیار اور حضرت مسیح موعود اور خلفائے مسیح موعود سے گہری وابستگی اور عقیدت کی ایک مثال یہ ہے کہ نماز جمعہ کے دوران جب رکوع سے کھڑے ہوئے تو گر گئے اسی حالت میں وصیت کی کہ اگر وہ فوت ہوجائیں تو ان کی بیٹی عائشہ کا رشتہ کسی مخلص احمدی سے کیا جائے کیونکہ اس وقت رشتے دوسروں میں بھی ہوتے تھے۔ سواس وصیت کے بعد ان کی وفات ہوگئی بعد میں لواحقین نے بیٹی کا رشتہ میاں چودھری نظام دین صاحب کے ساتھ طے کر دیا جن کی عمر اس وقت پچاس برس تھی اور مرحومہ عائشہ بی بی صرف 14 برس کی لڑکی تھیں عمر کے اس بڑے فرق کو صرف اس لئے قبول کرلیا گیا کہ وہ مخلص احمدی تھے اور یوں مرحومہ کے والد صاحب کی آخری وصیت کو پورا کر دیا گیا۔

شادی کے بعد آپ کو اللہ تعالیٰ نے تین بیٹوں مکرم چودھری رحمت اللہ صاحب نمبردار چک نمبر 38 جنوبی سابق صدر وامیر حلقہ مکرم حشمت اللہ صاحب اور مکرم ہدایت اللہ صاحب سے نوازا۔ مرحومہ کے یہ تینوں بیٹے صحتمند اور خادم دین ہیں۔ اماں جی کے صرف ایک بھائی محترم چودھری برکت اللہ صاحب تھے جو 28 برس کی جوانی میں ہی وفات پاگئے۔ بھائی کی وفات کے بعد آپ بالکل تنہا رہ گئیں اور اپنے دیگر بزرگوں کے ساتھ ضلع ہوشیارپور سے ہجرت کر کے غوث گڑھ ضلع لدھیانہ اپنے ننھیال کے ہاں چلی گئیں۔ غوث گڑھ میں آپ کے خاوند میاں چودھری نظام دین صاحب بھی وفات پاگئے۔ خاوند کی ناگہانی وفات کے بعد تین چھوٹے چھوٹے بچوں کو پالنے اور سنبھالنے کا کام بہت بڑی ہمت، برداشت اور ثابت قدمی کا متقاضی تھا۔ بہت مشکل وقت تھا جو مرحومہ نے بڑے حوصلے کے ساتھ گزارا۔ اس پر افتاد یہ کہ غوث گڑھ کے کچھ افراد نے اماں جی کی زرعی زمین کا مقدمہ کر دیا کہ یہ زمین سرکاری ہے لہٰذا عائشہ بی بی کو نہ دی جائے۔ چنانچہ اماں جی کی طرف سے اس مقدمہ کی پیروی حضرت مولوی عبداللہ سنوری صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے صاحبزادے مکرم صوفی عبدالقدیر صاحب نے کی۔ کچھ دیر مقدمہ چلنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت سے مقدمہ کا فیصلہ مرحومہ کے حق میں کر دیا گیا۔ مرحومہ کے خاندان کے تمام احمدی افراد حضرت مولوی عبداللہ سنوری صاحب کی معرفت ہی فیض یافتہ ہوئے۔ محترمہ مرحومہ بتایا کرتی تھیں کہ ان کی جماعت غوث گڑھ کے زیادہ فیصلے حضرت مولوی عبداللہ سنوری صاحب ہی کیا کرتے تھے۔

1947ء تقسیم ملک کے بعد اماں جی عائشہ بی بی اپنے بچوں اور دیگر افراد خانہ کے ہمراہ دارالہجرت ربوہ کے قریبی گاؤں احمد نگر آئیں۔ ہندوستان میں آپ کی زرعی زمین کے کلیم پر سرکار نے آپ کو چک نمبر 38 جنوبی ضلع سرگودھا میں زمین دے دی۔ چنانچہ مرحومہ عائشہ بی بی صاحبہ نے احمد نگر سے چک نمبر 38 جنوبی آ کر مستقل سکونت اختیار کی اور یہاں ملنے والی زرعی زمین کو ذریعہ معاش بنایا۔

خاکسار کو چک نمبر 38 جنوبی میں مع اہلیہ مرحومہ اماں جی کے قریب رہنے کا موقع ملا۔ آپ غربا کی ہمدرد، تہجد گزار، پنجوقتہ نمازوں کی عادی، دھیما مزاج رکھنے والی، احمدیت کی فدائی اور خلافت احمدیہ سے والہانہ محبت اور عشق کی حد تک اطاعت کرنے والی خاتون تھیں۔ آپ کے منجھلے بیٹے مکرم حشمت اللہ صاحب کی اہلیہ اور اماں جی کی بہو محترمہ رشیدہ بیگم صاحبہ جنہوں نے اماں جی کی مذکورہ یادیں خاکسار کو لکھوائی ہیں اور سابق صدر لجنہ چک نمبر 38 جنوبی نیز نگران لجنہ اماء اللہ حلقہ بھی رہی ہیں۔ وہ جب بھی اماں جی عائشہ بی بی کا تذکرہ کرتی ہیں تو آبدیدہ ہوجاتی ہیں اور ہمیشہ یہ کہتی ہیں کہ اتنا محبت بھرا پیارا اور اچھا وقت شائد حقیقی ماں بیٹیوں کا بھی نہ گزرتا ہو جتنا ہم ساس بہو کا گزرا ہے نیز بتایا کہ اماں جی ہر حالت میں ہمیشہ نوافل ادا کرتی رہتی تھیں اور نصف شب کو بلند آواز سے ذکر الٰہی کرتی رہتی تھیں اس کے باوجود کہ مرحومہ کی بہو محترمہ رشیدہ بیگم صاحبہ بھی ماشاء اللہ پوتوں اور نواسوں والی ہیں مگر عمر کے اس حصہ تک ساس اور بہو کا اچھا تعلق اور پھر اس بہو کے گھر ان کا وفات پانا ساس بہو کے مثالی پیار کی عمدہ مثال ہے۔

